03.04.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان
Music

-------------------------------

☆ خبر ملی ہے کہ تائیوان میں شدید زلزلے سے کم سے کم سات افراد ہلاک اور 700 سے زیادہ زخمی ہوگئے ہیں۔ خطے میں سونامی کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔

☆ عالمی بینک نے کہا ہے کہ 2024 میں بھارت کی اقتصادی ترقی ساڑھے سات فیصد کے حساب سے فروغ پائے گی۔

☆ انتخابی کمیشن لوک سبھا چناؤ کے پیش نظر امن وقانون کی صورتحال کا جائزہ لینے کی غرض سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ایک میٹنگ کرے گا۔

☆ مرکزی وزیر ڈاکٹر ایل مورگن اور راجیہ سبھا کے 11 دوسرے نئے منتخبہ ممبروں کو حلف دلایا گیا ہے۔

☆ اور آج شام IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں وشاکھاپٹنم میں وائی ایس راج شیکھر ریڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلس کا سامنا کولکاتا نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔

-----------------------

Music
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**New Taiwan Earthquake**

تائیوان میں شدید زلزلے سے کم سے کم سات افراد فوت ہوگئے اور 700 سے زیادہ افراد زخمی بتائے جاتے ہیں۔ یہ زلزلہ آج تائیوان کے مشرقی ساحلی علاقے میں آیا۔ جس کی شدت ریکٹر پیماں پر سات اعشاریہ چار بتائی جاتی ہے۔ زلزلے کی وجہ سے خطے میں سونامی سے چوکس رہنے کا اعلان کردیا گیا ہے۔ امریکہ کے ارضیاتی جائزے سے متعلق ادارہ نے بتایا ہے کہ زلزلے کی شدت سات اعشاریہ چار تھی اور اِس کا مرکز تائیوان کے **Hualien** شہر کے 18 کلو میٹر جنوب میں 34 اعشاریہ آٹھ کلو میٹر کے گہرائی میں تھا۔ تائی پی کے زلزلے سے متعلق مرکز کے ڈائریکٹر **Wu Chien Fu** نے بتایا ہے کہ پورے تائیوان اور دوسرے علاقوں میں زلزلہ محسوس کیا گیا۔ 25 سال کے دوران اتنا زیادہ شدید زلزلہ پہلے کبھی محسوس

نہیں کیا گیا۔
ابتدائی خبروں میں کہا گیا ہے کہ Hualien میں بہت سی عمارتیں جزوی طور پر گر گئی ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ درجنوں افراد عمارتوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اِس زلزلے کی وجہ سے جنوبی جاپان میں بھی سونامی سے خبردار رہنے کا اعلان کیا گیا ہے۔
فلپائن میں بھی سونامی سے چوکس رہنے کو کہا گیا ہے۔
چین کے سرکاری ذرائع ابلاغ نے بتایا ہے کہ چین کے جنوب مشرقی Fujian صوبے کے کچھ حصوں میں بھی زلزلہ محسوس کیا گیا۔
بھارت تائی پی انجمن نے زلزلے کے سلسلے میں کسی بھی جانکاری اور مدد کیلئے ایمرجنسی نمبر جاری کئے ہیں۔ نمبر اِس طرح ہے:
صفر نو صفر پانچ دو چار سات نو صفر چھ
ad.ita@mea.gov.in پر بھی رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔
انجمن نے تائیوان میں رہنے والے ہندوستانیوں سے درخواست کی ہے کہ وہ مقامی حکام کی ہدایت پر عمل کریں۔

**India-World Bank**

عالمی بینک نے اندازہ لگایا ہے کہ 2024 میں بھارت کی اقتصادی ترقی ساڑھے سات فیصد کے حساب سے فروغ پائے گی۔ بینک نے اپنی اِس نظرثانی شدہ شرحِ نمو میں پہلے کی شرح کے مقابلے میں ایک اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ کیا ہے۔ عالمی بینک کی جنوبی ایشیا کے حالیہ ترقیاتی تخمینے کے مطابق جنوبی ایشیا میں مجموعی شرحِ ترقی 2024 میں چھ فیصد رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ بینک کا کہنا ہے کہ بھارت میں شاندار ترقی اور پاکستان اور سری لنکا میں قدر اقتصادی بہتری کے نتیجے میں یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ جنوبی ایشیا اگلے دو سال کے دوران دنیا میں سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرنے والا خطہ رہے گا، جس کی شرحِ نمو 2025 میں چھ اعشاریہ ایک فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

**PM-Luis**

وزیر اعظم نریندر مودی نے جناب Luis Montenegro کو پرتگال کا وزیر اعظم بننے پر مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں آج جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت-پرتگال کے درمیان دیرینہ دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی خاطر مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔

**EC-Law & Order**

انتخابی کمیشن آج ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے ساتھ ایک میٹنگ کرے گا، جس کا مقصد غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام اور امن وقانون کی صورتحال کا جائزہ لینا ہے۔ اِس میٹنگ میں ریاستوں اور بین الاقوامی سرحدوں پر سخت چوکسی سے متعلق اقدامات کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ کل انتخابی کمیشن نے آئندہ لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کے دوران سب کو یکساں مواقع فراہم کرنے کیلئے اہم تفصیلات دستیاب کرانے کی خاطر 6ریاستوں میں خصوصی مشاہدین مقرر کئے تھے۔ اِن ریاستوں میں مغربی بنگال، اترپردیش، مہاراشٹر اور بہار شامل ہیں، جہاں کی آبادی 7 کرور سے زیادہ ہے۔
اِس کے علاوہ اِن میں آندھرا پردیش اور اڈیشہ بھی شامل ہیں، جہاں ساتھ ساتھ اسمبلی انتخابی بھی کرائے جائیں گے۔ کمیشن

نے آندھرا پردیش، کرناٹک، تمل ناڈو، اترپردیش اور اڈیشہ میں اخراجات سے متعلق خصوصی مشاہدین بھی تعینات کئے ہیں، تاکہ انتخابات میں روپے پیسے کے استعمال کی روک تھام اور چناؤ پر اخراجات سے متعلق موجودہ نگرانی کے نظام کو مضبوط کیا جاسکے۔

**RS Oath**

مرکزی وزیر ڈاکٹر ایل مورگن اور راجیہ سبھا کے 11 دوسرے نئے منتخبہ ممبروں کو حلف دلایا گیا ہے۔ نائب صدرجمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اپنے چیمبر میں اِن ممبروں کو حلف دلایا۔ اِن ممبروں کے نام ہیں:

بہار سے پروفیسر منوج جھا، دھرم شیلہ گپتا اور سنجے یادو

ہماچل پردیش سے ہرش مہاجن

ہریانہ سے سبھاش چندر

مہاراشٹر سے میڈھا کلکرنی اور چندر کانت ہنڈور

کرناٹک سے جی سی چندر شیکھر

گجرات سے گووند بھائی دھولکیا

اترپردیش سے سادھنا سنگھ

اور مدھیہ پردیش سے اشوک سنگھ

اِس ہفتے راجیہ سبھا سے 56 ممبر سبکدوش ہوئے ہیں، جن میں سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ بھی شامل ہیں۔

**J&K-Udhampur Constituency**

جموں وکشمیر میں اودھم پور کی 4 لوک سبھا سیٹوں میں 19 اپریل کو عام انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت ہونے والی ووٹنگ میں 16 لاکھ 23 ہزار سے زیادہ ووٹر 12 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اودھم پور کی 4 پارلیمانی سیٹیں کشتواڑ، ڈوڈہ، رام بن، اودھم پور اور کٹھوعہ سمیت 5 اضلاع پر محیط ہیں۔ انتخابی کمیشن نے ووٹروں کی سہولت کے لیے اِس حلقہ میں 2ہزار 637 پولنگ مراکز قائم کئے ہیں۔

**J&K-LG Meeting**

جموں وکشمیر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے عید، نوراتروں اور بیساکھی کے آنے والے تہواروں کے سلسلے میں محکموں اور ایجنسیوں کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے کل ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ LG نے DCs اور SSPs کو ہدایت دی کہ وہ اہم مقدس مقامات کا دورہ کریں اور تہواروں کو بلا رکاوٹ منانے کو یقینی بنانے کیلئے سبھی ممکنہ اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ سبھی انتظامات انتخابی کمیشن کے رہنما خطوط کے مطابق ہونے چاہئے۔

**BJP-AAP**

بی جے پی نے عام آدمی پارٹی کی رہنما اور دلی کی وزیر آتشی کو اُن کے اس الزام کے تناظر میں کہ ان سے بی جے پی میں شامل ہونے کے لیے رجوع کیا گیا تھا، قانونی نوٹس بھیجا ہے۔ آج میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے بی جے پی کے دلی کے سربراہ وریندر سچدیوا نے مبینہ طور پر کہا کہ آتشی جھوٹ بول رہی ہیں اور ان کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ انہوں نے مبینہ طور پر یہ

بھی کہا کہ جھوٹ بولنا عام آدمی پارٹی کی فطرت میں ہے۔ جناب سچدیوا نے کہا کہ معافی مانگنے کے لیے انہیں وقت دیا گیا تھا، لیکن انہوں نے معافی نہیں مانگی، لہٰذا انہیں ہتک عزت کا نوٹس بھیجا گیا ہے۔ آتشی نے کل دعویٰ کیا تھا کہ بی جے پی نے پارٹی میں شامل ہونے کے لیے ان سے رجوع کیا تھا۔

انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا تھا کہ اگر انہوں نے پارٹی میں شامل ہونے سے انکار کیا تو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ انہیں ایک مہینے میں گرفتار کرلے گی۔

اِس دوران عام آدمی پارٹی نے اعلان کیا ہے کہ اُس کے سبھی وزرا، رکن اسمبلی، رکن پارلیمنٹ اور رہنما دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی گرفتاری کے خلاف اتوار کے روز جنتر منتر پر اجتماعی طور پر برت رکھیں گے۔

### Sambhajinagar Fire

مہاراشٹر میں آج صبح سویرے چھترپتی Sambhaji Nagar کے چھاؤنی علاقے میں آگ لگنے کے ایک واقعے میں ایک ہی خاندان کے سات افراد کی جانیں تلف ہوگئیں۔ خبروں کے مطابق رات تین بجے کے قریب تین منزلہ عمارت میں آگ لگ گئی تھی۔ مرنے والوں میں تین خواتین اور دو بچے بھی شامل ہیں۔ لاشوں کو سرکاری اسپتال لے جایا گیا ہے۔ پولیس آگ لگنے کی وجہ معلوم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔

### IMD

بھارتی موسمیات محکمہ نے اِس ماہ کی 6 تاریخ تک کرناٹک، اڈیشہ، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، آندھرا پردیش اور پڈوچیری میں گرمی جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے کہا کہ آئندہ تین دنوں میں شمال مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔

### Mumbai-RBI-Meeting

بھارتی ریزروبینک کی مالی سال 2024-25 کی ایک ماہ میں دو مرتبہ ہونے والی اقتصادی پالیسی کمیٹی کی پہلی میٹنگ آج ممبئی میں شروع ہوئی۔ آر بی آئی کے گورنر شکتی کانت داس جمعہ کے روز اقتصادی پالیسی کا اعلان کریں گے۔ کمیٹی نے فروری میں پالیسی ریپو ریٹ میں کوئی تبدیلی نہ کرتے ہوئے اُسے ساڑھے 6 فیصد رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔

### MHA NGOS

وزارت داخلہ نے ضروری کارروائی کرنے کے بعد 5 غیر سرکاری اداروں این جی اوز کے غیر ملکی تعاون سے متعلق ایکٹ FCRA کے لائسنس منسوخ کردیے ہیں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ دیگر وجوہات کے ساتھ غیر ملکی فنڈز کا غلط استعمال اُن لائسنسوں کی منسوخی کی وجہ بتائی گئی ہے۔ یہ این جی اوز ہیں:

CNI Synodical Board of Social Service

Voluntary Health Assosiation of India

Indo-Global Social Service Society

Church Auxiliary for Social Action

اور

**Evangelical Fellowship of India**

**IPL**

آئی پی ایل کرکٹ میں آج وشاکھاپٹنم کے وائی ایس راج شیکھر ریڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ کولکاتا نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل بنگلورو کے ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں لکھنؤ سپرجائنٹس نے رائل چیلنجرس بنگلور کو 28 رن سے ہرایا۔ بنگلور کی ٹیم کو 182 رن کا جیت کا نشانہ ملا تھا اور اس کی پوری ٹیم 153 رن پر ہی آؤٹ ہوگئی۔ مینک یادو کا میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔